سوال

امام ابوحنیفہ کی کتاب میں گپ بازی ہے کہنا درست ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے دوران گفتگو یہ کہا امام ابوحنیفہ کی کتاب میں گپ بازی ہے کیا ایسا کہنا درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ اس شخص کی گستاخانہ بات ہے جس سے اس کو توبہ کرنی چاہیے ۔ ائمہ کرام کے بارے میں غلط تاثر پیدا کرنے والی گفتگو سخت جرم ہے ۔ جہاں تک حضرت امام ابوحنیفہ کی کسی تالیف کا تعلق ہے اس کے بارے میں مشہور مؤرخ مولانا شبلی نعمانی حنفی مرحوم نے سیرت النعمان میں لکھا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کی طرف کسی بھی کتاب کی نسبت صحیح نہیں ،اوراگر کوئی انہوں نے تحریر فرمائی تھی تو وہ معدوم ہے ،پھر انہوں نے اس کی تفصیل لکھی ہے جو مطالعہ کے لائق ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص134

محدث فتویٰ